صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 15 مارچ 2022ء بمطابق 11 شعبان المعظم 1443ہجری بعد از دوپہر دو بجکر ستاون منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَیْلٌ لِّکُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِۣ O الَّذِیْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ O یَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ O كَلَّا لَیُنْۢبَذَنَّ فِی الْحُطَمَةِ O وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ O نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ O الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ O اِنَّهَا عَلَیْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ O فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ۔

(ترجمہ): تباہی ہے اس شخص کے لئے جو منہ در منہ لوگوں پر طعن کرے اور پیچھے برائیاں کرنے لگے اور جس نے مال جمع کیا اور اسے گن گن کر رکھا اور وہ سمجھتا ہے کہ اس کا مال ہمیشہ اس کے پاس رہے گا ہر گز نہیں وہ شخص تو چکنا چور کرنے دینے والی جگہ میں پھینک دیا جائے گا اور تم کیا جانو کہ کیا ہے وہ چکنا چور جگہ اللہ کی آگ خوب بڑھکائی ہوئی جو دلوں تک پہنچے گی اور ان پر ڈھانک کر بند کر دی جائے گی اس حالت کہ وہ اونچے اونچے ستونوں میں گرے ہوئے ہوں گے۔ و آخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِینَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچنز آور: کوئسچن نمبر 13713، محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر، کورم پورا نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سیکرٹری صاحب، کورم کاؤنٹ کریں۔

(شور)

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: اس وقت اسمبلی میں چھبیس (26) ارکان موجود ہیں، لہذا دو منٹ کے لئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب ڈپٹی سپیکر: سیکرٹری صاحب، دوبارہ کاؤنٹ کریں۔

(اس مرحلہ پر دوبارہ گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: اس وقت اکتیس (31) ممبران یہاں پر موجود ہیں، لہذا میں دس منٹ کے لئے Break کرتا ہوں۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی دس منٹ کے لئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب ڈپٹی سپیکر، مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: سیکرٹری صاحب، کاؤنٹ کریں۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب ڈپٹی سپیکر: سب اپنی اپنی چیئرز پر بیٹھ جائیں تاکہ کاؤنٹنگ میں آسانی ہو، کورم پورا ہے، اڑتیس (38) ممبران موجود ہیں، کورم پورا ہے۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 13713، محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ۔

* 13713 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پختونخوا ہاؤس اسلام آباد میں ممبران اسمبلی اور افسران کو کمرے الاٹ کئے جاتے ہیں؛

(ب) عرصہ ایک سال سے مذکورہ ہاؤس میں مختلف لوگوں نے بھی قیام کیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 19-2018ء کے دوران کون کونسے کمرے کن کن افسران کو الاٹ کئے گئے ہیں، گریڈ وائز تفصیل فراہم کی جائے اور مذکورہ عرصے کے دوران کون کونسے پرائیویٹ لوگوں نے یہاں پر قیام کیا ہے، نیز مذکورہ ہاؤس میں کل کتنے کمرے ہیں اور کس طریقہ کار کے تحت کون کونسے افراد کو الاٹ کئے جاتے ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) جواب (جناب فضل شکور خان وزیر قانون نے پڑھا):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جولائی 2018ء سے جون 2019ء تک 6982 کمرے الاٹ کئے ہیں، (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔ جہاں تک پرائیویٹ لوگوں کا تعلق ہے تو ہاؤس میں کسی بھی پرائیویٹ شخص کو کمرہ الاٹ نہیں کیا جاتا، البتہ سرکاری افسران، منسٹرز اور ایم پی ایز صاحبان کے مہمانان گرامی کو ان کے حکم پر کمرے الاٹ کئے جاتے ہیں اور ان سے رینٹ وصول کیا جاتا ہے، ہاؤس میں الاٹمنٹ کے لئے اٹھاون (58) کمرے ہیں۔

<u>محترمہ شگفتہ ملک:</u> جناب سپیکر صاحب، مننہ۔ دا سوال چې ما کوم کړے دے، ایډمنسټریشن ډیپارټمنټ نه د پختونخوا هاؤس باره کښې چې کوم اسلام آباد کښې دے، د هغې حوالې سره چې ما کوم ډیټیل غوښتلے دے نو دیکښې زما سوال اوګورئ چې ما کوم ډیټیل غوښتلے دے او دوئ صرف دا لیکلی دی چې Name of guest اوس به په دیکښې دا څه پته لګی چې ایم پی اے استوګنه کړې ده، هغه خو دوئ کلیئر لیکلی دی چې ایم پی اے دے خو دا اوګورئ چې په دیکښې دا پته لګی چې په دیکښې سرکاری آفیسرز څومره دی؟ په دیکښې Outsiders څومره راغلی دی؟ هیڅ قسمه ډیټیل دوئ ماته کمپلیټ نه دے راکړے نو یو خو دا کمپلیټ نه دے، بل دا ده چې د دوئ سره څومره رومز دی، په دیکښې تاسو اوګورئ چې کوم Designated دی، دهغې نه علاوه د Six نه تر Sixteen پورې چې کوم رومز دی، په هغې کښې چې ما کوم لسټ اوکتلو نو په دې لسټ کښې یو داسې ایم پی اے یا دا د ایم پی اے پریویلج دے، زما د دې سوال د راوړلو مقصد دا دے، زه پخپله د هغه کمیټئ ممبره یم، دا د ایم پی اے پریویلج دے چې 'کے پی هاؤس' ته څومره هم ممبران ځی، میجارټی که تاسو تپوس اوکړئ، تاسو د ممبرانو نه تپوس اوکړئ، هغوی ته دا انکار کیږی چې مونږ سره رومز نشته، اوس دا رومز چې دی، دا خو د ایم پی ایز د پاره دی، بل

دا ده چې کوم رومز دوئ ورکوی، چې کوم وی آئی پی رومز دی نو هغه د سرکاری آفیسرز د پاره دی، په دې لسټ کښې تاسو اوګورئ چې که سیکرټری دے د هغه د پاره وی آئی پی رومز دی، که ډی جی دے د هغه د پاره وی آئی پی رومز دی خو چې کله ایم پی اے ځی نو هغه له بیا هغه کمره ورکوی چې هغه زما په خیال په هغې کښې Stay کول چې دی هغه نا ممکنه ده، زه په دې نه پوهیږم، د حکومت نه زه دا تپوس کوم چې د ایم پی اے چې کوم Status دے، دې حوالې سره دې ډیپارټمنټ لږ اووایی چې دا کوم طریقه کار روان دے او زما په خیال ډیر داسې ممبران دی چې هغوی به په دې خبره کول غواړی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سپلیمنٹری۔

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ایک منٹ، تین سپلیمنٹری میں لے سکتا ہوں، ہر ایک پارٹی سے ایک ایک بندہ بات کرے گا۔ ثوبیہ شاہدہ صاحبہ۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: تهینک یو جناب سپیکر صاحب، زه شګفته ملک سره په دې باندې اتفاق کوم چې کله هم مونږ 'کے پی هاؤس' د پاره ټیلیفون اوکړو نو Even زمونږه ټیلیفون هم هغوی نه اوچتوی او نه مونږ ته Response راکوی، چې څومره کالونه ورته هم اوکړو، نه مونږ ته Rooms available وی، اولډ بلاک خو د سره نه ورکوی او هم دا وائی چې S Block او S-1 دے او په Weekend باندې خو بالکل رومز نه وی نو مونږ سپیشل ریکویسټ کوؤ چې دا کوئسچن دې کمیټئ ته لاړ شی چې په دیکښې مونږه کښینو او د دوئ نه دا تپوس اوکړو چې دا کے پی هاؤس د چا د پاره جوړ شوے دے؟ دا د بزنس د پاره جوړ شوے دے او که نه دا ایم پی ایز پریویلج دے؟ که دا کے پی هاؤس زمونږ ایم پی ایز د پاره نه وی، څنګه چې د سندھ هاؤس دے، څنګه چې د پنجاب هاؤس دے، د هغوی هاؤس د ټولو ایم پی ایز د پاره دی خو زمونږه دا چې دی، دا یا د بیوروکریټس د پاره دی او یا چې کوم Outsiders دی، چې د چا څه اثر و رسوخ دے، د هغوی د پاره دی، زمونږه یو ایم پی اے ته او مونږ خو دا هم وایو چې دا دې په تعلق نه ورکړې کیږی، پلیز سر، د دې د پاره تاسو او دا ډیره ضروری ده چې دا د ټولو

ایم پی ایز پریویلج دے چې د دې د پاره یو کمیټی جوړه کړئ چې د دوئ سره په هغې کښې Proper خبره او کړے شي۔ تهینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تهیک شو، نگهت اورکزئی صاحبه۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، یہ بہت اہم کوئسچن ہے، اس کا جو انچارج ہوتا ہے، وہ آپ ہی ہیں، جہاں تک مجھے علم ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، میں نہیں ہوں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، جو اچھے کمرے ہوتے ہیں وہ تمام بیوروکریٹس کو دے دیئے جاتے ہیں اور S-I اور S-II جہاں پر شور ہوتا ہے، جہاں پر بچوں کی چیخیں ہوتی ہیں، ہم میٹنگ کے لئے جاتے ہیں، ہم وہاں سیر سپاٹے کے لئے نہیں جاتے ہیں، ہم نے ایک رات کے لئے جانا ہوتا ہے یا دو راتوں کے لئے جانا ہوتا ہے، ہماری میٹنگز ہوتی ہیں، ظاہر ہے یہاں پر سارے پولیٹیکل لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، وہ اپنے قائدین کے ساتھ میٹنگ کے لئے جاتے ہیں، اپنی پارٹی کے قائدین کے ساتھ میٹنگ کے لئے جاتے ہیں یا کوئی اور مسئلہ ہوتا ہے، کسی این جی او کی میٹنگ کے لئے جاتے ہیں، جب بھی ہمیں کمرے کی ضرورت پڑتی ہے تو مجھے الحمد للہ کبھی کسی نے انکار نہیں کیا، جو کمرہ میں ان سے مانگتی ہوں وہ مجھے دے دیتے ہیں لیکن مجھے اس بیوروکریسی پر بالکل اعتراض ہے کہ کمرہ نمبر ون اگر آپ کے لئے مختص ہے تو آپ Custodian of the House ہیں یا کمرہ نمبر ٹو اگر سپیکر صاحب کے لئے مختص ہے، وہ بھی Custodian of the House ہیں، ون سے لیکر چھ کی میں بات کر رہی ہوں، مجھے یہ بتائیں کہ ادھر ایس ایم بی آر، چیف سیکرٹری اور آئی جی صاحب کے لئے جو کمرے مختص ہیں، وہ وی آئی پی رومز منسٹروں کے لئے ہوتے ہیں، وہ ان کے لئے کیسے مختص ہو گئے؟ آئی جی صاحب جو ہیں ان کو ٹی اے / ڈی اے ملتا ہے، ہمیں ٹی اے / ڈی اے نہیں ملتا اور جو دوسرا ایس ایم بی آر ہے یا چیف سیکرٹری ہے، اس کو بھی باقاعدہ طور پر ٹی اے / ڈی اے ملتا ہے، آپ کے ہوتے ہوئے یہاں سے بار بار Rulings جاتی ہیں لیکن بیوروکریٹس اس پر عمل اس لئے نہیں کرتے کیونکہ میں سمجھتی ہوں، یہ میرا خیال ہے کہ ان چار سالوں میں کوئی بیسویں دفعہ، مطلب کچھ لوگ جو کہ یہاں پر اپنا بزنس نہیں لاتے، صرف بولنے کے لئے پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہو کر اپنے نمبر بنا لیتے ہیں، میرا خیال ہے کہ آج بھی ایسی بات ہوئی ہے کہ آپ ان ایم پی ایز کے خلاف بھی، اپنی اپنی پارٹی کے جو ایم پی ایز ہیں، ان کے خلاف باقاعدہ سی ایم صاحب کو رپورٹ

دیں، میں یہاں سے بھی سی ایم صاحب کو بھی بتانا چاہتی ہوں اور آپ بھی یہاں سے Ruling دیں کہ Bureaucracy is the second، جو ہمارا پریولج ہے وہ نمبر ون پر ہے، Because we are law makers اور Law making کے بعد وہ اس کو Implement کرتے ہیں، We are priority number one, the MPA's اور دوسری بات یہ ہے کہ Bureaucracy is on the second number کیونکہ ان کو اپنا ٹی اے / ڈی اے ملتا ہے، وہ بچانے کے لئے ادھر آکر ہمارے کمروں پر قبضہ کر لیتے ہیں، یہ میری گزارش تھی کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کریں تاکہ وہاں پر بات ہو سکے۔

Mr. Deputy Speaker: Sardar Khan, last supplementary.

جناب سردار خان: جناب سپیکر صاحب، کے پی ھاؤس اسلام آباد کښې کمره اغستل د ومره مشکل دی چې اول خو اسټیټ آفسر ټیلی فون نه اوچتوی، که تاسو ورسره رابطه کوئ نو درې څلور ګهنټو کښې رابطه نه کیږی، ما په باره مارچ د کمرې د پاره Apply کړې وه نو ما ته ئے انکار اوکړو چې هغه بکنګ شوے دے، یو ایم این اے دے چې کے پی ھاؤس هغه ټول بک کړے دے، تاسو مهربانی اوکړئ دې باره کښې تاریخی انکوائری اوکړئ او د دې دا ریکارډ راوغواړئ چې هغې کښې ډیرې کمرې دی، اولډ بلاک دے، نو بلاک دے، دا ټوټل کمرې چې دی دا ئے بک کړې وې۔ جناب سپیکر، واده خو د مازیګر وی یا د ماښام وی، د واده هغه پروګرام بیا ختمیږی، زمونږه دا ایم پی ایز ډیر بد حاله دی، څوک ئے هم نه وائی او ډیرې خبرې دی، مونږه ئے وئیلې هم نه شو، مونږ پرې پخپله بې عزته کیږو۔ په دیکښې سخته انکوائری کیږدئ او اسټیټ آفیسر چې دے چې هغه هر وخت د ایم پی اے سره په ټیلیفون باندې Available وی، د اتوار په ورځ خو هغه ټیلیفون نه اوچتوی، دا خو د هغه چهټی شوه خو کم از کم په دیکښې لږ ترمیم که اوشی چې هغه د ایم پی اے ټیلیفون خو اوچتوی کنه۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

جناب فضل شکور خان (وزیر قانون): بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سر، یہ ایشو تو بڑا Genuine issue ہے اور بڑا Important Question ہے جو میڈم نے کیا ہے، میں صرف تھوڑی سی وضاحت کروں گا کہ وی آئی پی رومز وہاں پر جتنے بھی ہیں، ہم وہاں پر اولڈ بلاک کو وی آئی پی رومز کہتے ہیں، اس میں

پہلی Priority ایم پی ایز کی ہے، منسٹر صاحبان کی ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے لیکن جو ہماری بیوروکریسی ہے وہ ہماری حکومت کا حصہ ہے، اگر وہاں پر Availability ہو تو وہ کرے وہ بھی Avail کر سکتے ہیں، ایسی کوئی بات نہیں ہے لیکن جس طرح باقی سب Stress کر رہے ہیں کہ یہ اگر چاہتے ہیں کہ کمیٹی میں چلا جائے تو حکومت کو کوئی اعتراض نہیں ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the Question No. 13713, asked by the honorable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the Committee concerned. Question No.13833, Ms. Nighat Yasmeen Orakzai Sahiba.

* 13833 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبے میں Child Protection Units, Juvenile Protection Centers and Child Protection Institutions موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سنٹرز اور یونٹس کہاں کہاں بنائے گئے ہیں، فنکشنل ہیں یا بند ہیں، ان میں کتنے بچے موجود ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب انور زیب خان (وزیر سماجی بہبود) جواب (جناب فضل شکور وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں، صوبے میں Child Protection Units, Juvenile Protection Centers اور Child Protection Institutes موجود ہیں۔

(ب) محکمہ سماجی بہبود کے تحت بارہ اضلاع، پشاور، مردان، چارسدہ، صوابی، کوہاٹ، بنوں، ایبٹ آباد، بٹگرام، سوات، لوئر دیر اور چترال میں چائلڈ پروٹیکشن یونٹس کام کر رہے ہیں۔ اب تک ان بارہ اضلاع میں 30557 خطرے میں گھرے بچوں جس میں 18882 لڑکے، 11668 لڑکیاں اور سات ٹرانس جینڈر بچوں کی نشاندہی کر کے ان کو سہولیات فراہم کی گئی ہیں، محکمہ بہبود آبادی کے گیارہ اضلاع میں چائلڈ پروٹیکشن / ویلفیئر انسٹیٹیوٹس ہیں جن میں نو عدد فعال جبکہ دو غیر فعال ہیں۔

نمبر شمار	ادارہ	رہائش پذیر بچے
1	زمونگ کور پشاور	630 بچے رہائش پذیر ہیں

2	زمونگ کور سوات	100 بچے رہائش پذیر ہیں
3	ویلفیئر ہوم چارسدہ	16 بچے رہائش پذیر ہیں
4	ویلفیئر ہوم ملاکنڈ	33 بچیاں بچے رہائش پذیر ہیں
5	ویلفیئر ہوم ڈی آئی خان	6 بچے رہائش پذیر ہیں
6	ویلفیئر ہوم بنوں	27 بچے رہائش پذیر ہیں
7	ویلفیئر ہوم کوہاٹ	28 بچے رہائش پذیر ہیں
8	ویلفیئر ہوم ایبٹ آباد	29 بچے رہائش پذیر ہیں
9	ویلفیئر ہوم نوشہرہ	20 بچیاں بچے رہائش پذیر ہیں
10	ویلفیئر ہوم صوابی	غیر فعال ہے
11	ویلفیئر ہوم ہنگو	غیر فعال ہے۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر صاحب، Thank you very much. یہ میرا سوال جو ہے، وزیر سوشل ویلفیئر سے ہے جو کہ اس کا محکمہ سی ایم صاحب کے پاس ہے۔ میں نے اس سوال میں Child Protection, Juvenile Protection Centre, Child Protection Institutions کے بارے میں پوچھا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، جو میں نے سوال پوچھا ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں Child Protection Units موجود ہیں؟ وزیر صاحب نے کہا کہ ہمارے صوبے میں کتنے اضلاع ہیں؟ کیونکہ یہاں پر سوال کے جواب میں بتایا جاتا ہے کہ Child Protection Units جو ہیں وہ صرف بارہ اضلاع میں ہیں، گیارہ اضلاع میں Child Protection Institutions بھی موجود ہیں، ان میں نو فعال اور دو غیر فعال ہیں۔ اس میں ایک سنٹر اور کہاں گیا؟ مطلب اگر نو اور دو کو ملایا جائے تو گیارہ بنتے ہیں، ایک سنٹر اور کہاں چلا گیا؟ وہ سنٹر ہوا میں بنا ہوا ہے، کہاں پر بنا ہوا ہے؟ پھر جناب سپیکر صاحب، اب بارہ اضلاع میں اگر سنٹرز موجود ہیں تو ہمارے علم کے مطابق، میرا خیال ہے، منسٹر صاحب کے علم کے مطابق ہمارے اضلاع جو بنتے ہیں، Merged Area وہ پینتیس (35) اضلاع ہیں، اب میں سوال میں دی گئی انفارمیشن کی طرف آتی ہوں کہ جس میں یہ بتایا گیا ہے کہ بارہ اضلاع میں تو Child Protection Units موجود ہیں، جن میں صوابی جو کہ موجودہ قومی اسمبلی کے سپیکر اسد قیصر، وزیر تعلیم، شہرام خان ترکئی اور جناب عبدالکریم خان، وزیر صنعت و حرفت ہیں، ان کے علاقے صوابی میں

Child Welfare Homes بھی موجود ہیں اور Child Protection Units بھی موجود ہیں لیکن وہ بھی غیر فعال ہیں، ہنگو میں بھی غیر فعال ہیں، اگر سنٹرز غیر فعال ہیں اور کچھ ہوا میں چل رہے ہیں تو خطرے میں گرے ہوئے بچوں کی نشاندہی کہاں سے کی گئی ہے، سہولیات کہاں سے فراہم کی گئی ہیں؟ ان کی بھی تفصیل مجھے نہیں دی گئی۔ میں یہ بھی بتانا چاہتی ہوں کہ The Khyber Pakhtunkhwa, Child Protection and Welfare Act, 2010 پاس ہوا تھا، اس کے بعد پھر ترمیمی ایکٹ 2018ء میں پاس ہوا، اس کے تحت وہ Juvenile Observation Centers قائم ہونے چاہئیں کیونکہ یہ بل 2010ء میں اور پھر ترمیمی بل 2018ء میں پاس ہوا تھا لیکن پولیس اسٹیشن کے حوالات میں چھوٹے بچوں کو بڑوں کے ساتھ جب رکھا جاتا ہے، آپ کو Consequences کا پتہ ہے کہ وہاں پر کیا ہوتا ہے؟ جب بڑوں کے ساتھ رکھا جاتا ہے تو ظاہر ہے کہ Abusing بھی ہوتی ہے، سب کچھ ہوتا ہے لیکن ابھی تک ایک بھی Observation Centre قائم نہیں ہوا، جس کا منہ بولتا ثبوت غربی تھانے میں ایک بچے نے خود کو پھانسی پر لگایا، اس کے علاوہ کتنے ہی کیسز ہیں جو کہ رپورٹ نہیں ہوئے ہیں، جن کا پتہ نہیں ہے، موجودہ حکومت بچوں کو بنیادی حقوق کے تحفظ دینے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے، اس لئے میں یہ بتانا چاہتی ہوں کہ اس پر ہاؤس کی ایک سپیشل کمیٹی تشکیل دے دی جائے تاکہ حکومت جو قانون سازی کرتی ہے، اس پر عمل درآمد ممکن بنائے، بچوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ بھی یقینی بنایا جائے، ان میں حائل رکاوٹوں کو دور کر سکے اور جو کمی بیشی ہو، ان میں مزید سفارشات بھی دے سکے۔ آخر میں جس نے بھی اس میں غفلت کی ہے، Child Protection Centers اور Child Juvenile Centers میں، اس کے خلاف آپ Ruling دیں کہ اس کے خلاف کارروائی کی جائے کہ 2018ء کے بعد Juvenile Centers بننے چاہیئے تھے، جب بل پاس ہوتا ہے تو پھر اس کے Within three months سارا کچھ بن جاتا ہے، 2018ء کہاں اور اب ہم 2022ء کے Mid میں چل رہے ہیں، میں اس میں چاہوں گی کہ میرا جو سوال نمبر 13833 ہے اس کی اگر Rule 194 کے تحت سپیشل کمیٹی بنادی جائے، آپ کا میں بہت شکریہ ادا کروں گی، اس سے یہ ہوگا کہ جو عام بچے ہیں جو اپنے آپ کو پھانسیاں لگا دیتے ہیں، جن کو عام جیلوں میں ڈال دیتے ہیں، ان کے ساتھ Abusing ہوتی ہے، ان کو آئس پر لگا دیا جاتا ہے، ان کو چرس پر لگا دیا جاتا ہے، وہاں سے جب بچے نکلتے ہیں تو وہ ایک عادی مجرم کی طرح نکلتے ہیں، یہ آپ کے بچوں کا سوال ہے، یہ میرے بچوں کا سوال ہے، یہ ہاؤس کے تمام لوگوں کے بچوں کا سوال ہے،

میں آپ سے یہ ریکویسٹ کروں گی کہ اس پر Rule 194 کے تحت ایک سپیشل کمیٹی بنائیں،اس میں ایسے ممبرز لیں کہ جو خدا ترسی اور ایمانداری سے اپنا وقت دے سکیں، یہ نہ ہو کہ کمیٹی بنادیں اور اس میں کچھ لوگ ایسے ہوں تو وہ پھر ایسا ہی ہوگا، جیسا کہ اگر آپ کو یاد ہو، میرا ایک سوال تھا جس پر میں نے بہت ہی افسوس کا اظہار کیا تھا،اس میں One month کا ٹائم دیا گیا تھا،اس کا چیئرمین لطف الرحمان صاحب تھے لیکن میرے اس کوئسچن کا جواب آج دس مہینے ہوگئے ہیں کہ وہ نہ کمیٹی بنی اور نہ اس کو چیئر کیا گیا، مہربانی کریں ایسے لوگوں کو لیں جو ہاؤس میں دلچسپی رکھتے ہوں، جو لوگوں کے مسائل میں دلچسپی رکھتے ہوں، جو ان مظلوم طبقے کے لئے ہمدردی رکھتے ہوں، میرا خیال ہے کہ ایسی کمیٹی بنائی جائے، میں آپ کی مشکور ہوں گی، تھینک یو۔

Mr. Deputy Speaker: First supplementary, Humaira Khatoon Sahiba.

محترمہ حمیرا خاتون: میں سوال پر بات کرتی ہوں کہ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی،آپ اس سوال پر سپلیمنٹری کریں۔

محترمہ حمیرا خاتون: میں یہ کہنا چاہ رہی ہوں کہ سپیکر صاحب، یہ ایک بڑا اہم مسئلہ ہے، بڑی ڈیٹیل سے ان کی بات ہوگئی ہے لیکن میں یہ پوچھنا چاہوں گی کہ اگر منسٹر صاحب یہ بتائیں کہ Child Protection کے تحت کیا کیا امور ابھی تک طے ہوئے ہیں اور اس پر کتنی Implementation ہوئی ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: بصیرت خان صاحبہ۔

محترمہ بصیرت خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میرا کوئسچن یہ ہے کہ Child Protection Units اور Child Protection Institutions وہ بارہ اضلاع میں قائم کئے گئے ہیں لیکن Merged districts کے لئے کوئی نہیں، میرا منسٹر صاحب سے یہ کوئسچن ہوگا کہ اس کے لئے ان کی کیا پلاننگ ہے، کیا وہاں پر ان کا انسٹی ٹیوشنز قائم کرنے کا ارادہ ہے؟ کیونکہ اگر آپ دیکھ لیں، ایک طرف سے Child Abuses کے کیسز آ رہے ہیں لیکن بدقسمتی سے وہ رپورٹ نہیں ہو رہے، اس طرح Awareness نہیں ہے، دوسری طرف سے Drugs addiction کے کیسز بھی وہاں پر بہت بڑھ رہے ہیں، اگر اس پر۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Last supplementary. Ms. Sobia Shahid Sahiba.

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو جناب سپیکر صاحب، یہ بہت اہم مسئلہ ہے، اگر اس کے لئے سپیشل کمیٹی بنائی جائے تو بہت ہی بہتر ہو گا کیونکہ Child abuse کے جو کیسز آ رہے ہیں، میرے خیال سے سی ایم صاحب نے بھی اس دن کہا ہے کہ ایم پی ایز کے لئے ایک ایس ایچ او کافی ہے لیکن ان کیسوں میں کسی کے لئے بھی نہ ایس ایچ او اور نہ پولیس ہے، برائے مہربانی اگر اس کیلئے سپیشل کمیٹی بن جائے تو بہت بہتر ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

وزیر قانون: سر، میڈم کو تفصیل دے دی گئی ہے کہ بارہ اضلاع ہیں، اس میں بونیر کا ایک Missing ہے، میرے خیال میں انہوں نے آفس میں کہا ہے کہ وہ Missing ہے، یہ چائلڈ پروٹیکشن کے جو یونٹس ہیں، یہ جو ویلفیئر ہومز ہیں، یہ Different ہیں، وہ گیارہ ہیں، جس طرح آپ نے کہا کہ باقی اضلاع میں، یہاں ہمارے صوبے کے تقریباً پینتیس (35) اضلاع میں ہیں، میں یہ آپ کو یقین دہانی کراتا ہوں کیونکہ مجھے سوشل ویلفیئر والوں نے کہا ہے کہ باقی اضلاع کے لئے بھی ہمارا پروگرام ہے، ہم سارے اضلاع میں یہ جو ویلفیئر ہومز ہیں، بنائیں گے اور اسی طرح چائلڈ پروٹیکشن کا جو یونٹ وہاں بھی Establish کریں گے۔ دوسری بات یہ ہے کہ Currently جو Adjacent اضلاع ہیں، وہ انہی اضلاع سے Cover ہوتے ہیں، اس طرح کی کوئی بات نہیں لیکن پھر بھی میں آپ کو یقین دہانی کراتا ہوں کہ یہ جو یونٹس ہیں یا جو ویلفیئر ہومز ہیں، یہ اس وقت ناکافی ہیں۔ جس طرح میڈم نے کہا کہ ہمارے جو Merged districts ہیں ان کے لئے بھی پروگرام میں یہ موجود ہیں، پریویس بجٹ میں بھی تھا، ان شاء اللہ تعالیٰ Coming budget میں بھی یہاں پر قائم کئے جائیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم نگہت اورکزئی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بس ایک منٹ، میں Windup کرتی ہوں۔ جناب سپیکر صاحب، 2018ء اور 2022ء ان چار سالوں میں اگر بارہ اضلاع میں، پشاور میں، میں نے جب آپ کو بتایا کہ پشاور میں کوئی بھی نہیں ہے، جیسا کہ ایک بچے نے اپنے آپ کو پھانسی پر چڑھا دیا، سب سے پہلے میں منسٹر صاحب کی یقین دہانی پر بالکل یقین رکھتی ہوں کیونکہ منسٹر ایک Responsible آدمی ہوتا ہے، کیبنٹ میں بیٹھتا ہے لیکن میں آپ کے توسط سے منسٹر صاحب سے یہ کہنا چاہتی ہوں کہ سی ایم صاحب کو کہہ دیں کہ آپ کے بھی بچے ہیں، ہمارے بھی بچے ہیں، تو خدا کے لئے اس کو ایک سیریس مسئلہ سمجھیں کیونکہ جب جیل میں بچے جاتے ہیں تو ان کے ساتھ Sexual abuse بھی ہوتا ہے، ان کو آئس پر چڑھایا جاتا ہے، ان کو چرس بھی Provide کی جاتی ہے کیونکہ آپ کو اچھی طرح پتہ ہے کہ جیلوں میں کیا ہو رہا ہے؟

یہ مجھے یہاں پر بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔ سی ایم صاحب سے کہہ دیں کہ ایک سال الیکشن کا رہ گیا ہے، ایک سال میں یہ پینتیس (35) اضلاع اگر Cover کر دیں، اگر بارہ کو Minus بھی کر دیں تو پھر بھی بہت سارے اضلاع ہیں جن میں پشاور بہت Important ہے، میرا خیال ہے کہ اگر یہاں سے ابتداء کر لیں تو مہربانی ہو گی، سی ایم صاحب کی بھی میں شکر گزار رہوں گی، تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی فضل شکور صاحب۔

<u>وزیر قانون</u>: پشاور میں تو موجود ہے لیکن پھر بھی Point has been taken، ان شاء اللہ تعالیٰ کریں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھیک شوہ، تھینک یو۔ کوئسچن نمبر 14239، حمیرا خاتون صاحبہ۔

* 14239 _ <u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: کیا وزیر امداد بحالی و آبادکاری ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) مالی سال کے 2021-22ء بجٹ میں محکمہ ریلیف و بحالی کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی ہے؛

(ب) رواں مالی سال کے بجٹ میں محکمہ کے لئے مختص بجٹ میں پہلی ششماہی کے دوران کتنی رقم ریلیز ہوئی ہے، اس میں اب تک کتنی رقم خرچ ہوئی ہے، اس کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) گزشتہ پانچ سالوں میں ریلیف و بحالی کو جاری شدہ رقوم کی مالیت کیا ہے، نیز یہ بھی بتایا جائے کہ گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کو جاری شدہ رقوم Lapse ہوئی ہیں، اگر ہاں تو اس کی تفصیل کیا ہے اور رقم Lapse ہونے کے وجوہات کیا ہیں؟

<u>جناب محمد اقبال خان (وزیر امداد و بحالی)</u>: (الف) مالی سال 2021-22ء بجٹ میں محکمہ ہذا کے لئے ریگولر سائیڈ پر 22 ارب 78 کروڑ 51 لاکھ 12 ہزار 591 روپے کی رقم مختص کی گئی ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	ڈیپارٹمنٹ	رقم
1	ریلیف ڈیپارٹمنٹ	37,480,000-00
2	پی ڈی ایم اے	19,310,000,000-00
3	ریسکیو 1122	3,261,866,000-00
4	سول ڈیفنس	175,766,591-00

(ب) رواں مالی سال کے بجٹ سے پہلے ششماہی کے دوران 9 ارب 43 کروڑ 49 لاکھ 53 ہزار 176 روپے بجٹ ریلیز ہوا اور اس میں 6 ارب 23 کروڑ 27 لاکھ 40 ہزار 267 روپے کی رقم خرچ ہوئی جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	ڈیپارٹمنٹ	ریلیز	خرچہ
1	ریلیف ڈیپارٹمنٹ	37,480,000-00	25,353,468-00
2	پی ڈی ایم اے	6,410,000,000-00	5,430,000,000-00
3	ریسکیو 1122	2,821,452,000-00	2,689,953,000-00
4	سول ڈیفنس	166,021,176-00	87,433,799-00

ج گزشتہ پانچ سالوں میں محکمہ کو جاری شدہ رقوم کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

نمبر شمار	ڈیپارٹمنٹ	رقم
1	ریلیف ڈیپارٹمنٹ	147,854,120-00
2	پی ڈی ایم اے	52,000,000,000-00
3	ریسکیو 1122	14,868,790,000-00
4	سول ڈیفنس	629,668,658-00 مزید براں محکمہ ہذا کو جاری شدہ رقوم میں کوئی بھی رقم Lapse نہیں ہوئی۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں اپنے جواب سے مطمئن ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچن نمبر 13927، جناب سردار حسین موجود نہیں ہیں، جناب سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، کوئسچن نمبر 13988، موجود نہیں ہیں، کوئسچن نمبر 14004، جناب فیصل زیب، موجود نہیں، کوئسچن نمبر 13951، جناب سراج الدین صاحب۔

* 13951 _ جناب سراج الدین: (الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران گریڈ 17 اور اس سے بالا سکیل کے افسران کو اضافی چارج کے تحت مختلف پوسٹوں پر تعینات کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران گریڈ 17 اور اس سے بالا سکیل کے جن افسران کو اضافی چارج کے تحت پوسٹوں پر تعینات کیا گیا ہے، ان کے نام، سکیل اور اضافی پوسٹوں پر خدمات کا دورانیہ کیا ہے، اس کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ انتظامیہ میں گریڈ 17 اور اس سے بالا سکیل کے جن افسران کو اضافی چارج کے تحت پوسٹوں پر تعینات کیا گیا ہے، ان کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

نمبر شمار	نام وعہدہ	اضافی ذمہ داری / چارج	دورانیہ	کاپی
1	محمد ایوب سکشن آفیسر (بجٹ) BS.17 محکمہ انتظامیہ	سپرنٹنڈنٹ (اکاؤنٹس) محکمہ انتظامیہ	25-11-2020 سے تاحال (چار ماہ)	Order No. E&AD/2(328)Ayub/PF مورخہ 25-11-2020 (ضمیمہ الف)
2	تیمور علی شاہ (سینیئر کمپٹرولر (چیف منسٹر سیکرٹریٹ) سی اینڈ ڈبلیو ملازم	کمپٹرولر پختونخوا ہاؤس اسلام آباد (دیکھ بھال امور انچارج) محکمہ انتظامیہ	18-02-2021 سے تاحال (ایک ماہ دس دن)	Order No. E&A (AD) Anjum. Niaz /2020 Date 18-02-2021 (ضمیمہ ب)

جناب سراج الدین: تھینک یو جناب سپیکر صاحب، میں نے جو سوال کیا ہے، Dual charge کے حوالے سے، کل بھی میرا سوال یہی تھا، میری منسٹر صاحب سے ریکویسٹ ہے کہ اگر محکمے میں Dual charge ہے تو اس کو ختم کریں تاکہ اور جو لوگ پوسٹنگ کیلئے Wait کر رہے ہیں، اس کا ازالہ ہو جائے۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond.

جناب فضل شکور خان (وزیر قانون): سر، جواب بہت واضح دیا گیا ہے، یہ دو افراد ہیں جن کے پاس Dual charges ہے، ان شاء اللہ اگر کسی بندے کی پروموشن رکی ہوئی ہے یا پوسٹنگ رکی ہوئی ہے تو اس کو ہم دیکھ لیں گے۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

13927 _ جناب سردار حسین: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع بونیر میں موضع چناگر میں قدرتی طور پر پانی کا بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے اور پانی کے اس بڑے ذخیرے کو علاقہ خدوخیل میں زرعی مقاصد کے استعمال کے لئے کوئی منصوبہ ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کب تک اس منصوبے کو عملی بنایا جاسکتا ہے اور اگر نہیں تو وجوہات بیان کی جائیں؟

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): (الف) اس کی فیزیبیلٹی پر کام جاری ہے، فیزیبیلٹی کی رپورٹ سے پانی کے ذخیرے کے بارے میں پتہ چل جائے گا۔

(ب) ممبر صوبائی اسمبلی کی درخواست کے مطابق یہ کام فیزیبیلٹی سٹڈی اے ڈی پی نمبر 2213 میں شامل کیا گیا ہے، کامیاب فیزیبیلٹی رپورٹ کے بعد اے ڈی پی میں شامل کیا جائے گا۔

13988 _ سردار اورنگزیب: کیا وزیر انتظامیہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سول کوارٹر، سول کالونی اور گلشن رحمان کالونی میں عرصہ دراز سے بعض گھر خالی ہیں;

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سول کوارٹر، سول کالونی اور گلشن رحمان میں خالی کوارٹروں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز یہ گھر کب سے خالی ہیں، کیا ان میں بجلی، گیس کے میٹرز موجود ہیں، تمام خالی گھروں کے بقایاجات کی تفصیل بھی فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ): (الف) جی ہاں۔

(ب) اسٹیٹ آفس میں مختلف کیٹیگری کے گھروں / کوارٹرز کے لئے علیٰحدہ علیٰحدہ لسٹ کے مطابق خالی گھروں میں بعض گھر خستہ حالی / بقایاجات کی بناء پر بار بار ملازمین مسترد کر دیتے ہیں، ان گھروں کی تزئین و آرائش کے لئے سی اینڈ ڈبلیو کو باقاعدہ طور پر مراسلے جا چکے ہیں، بجلی / گیس کے بقایاجات کا معاملہ متعلقہ محکموں کے ساتھ اٹھایا گیا ہے، جسے فوری طور پر حل کیا جائیگا۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

14004 _ جناب فیصل زیب: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی ضلع شانگلہ میں سال 2019ء سے 2021ء تک درجہ چہارم / ڈرائیور اور دیگر درجات کی ملازمین بھرتی کئے گئے ہیں;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ درجہ بالا درجوں پر بھرتی شدہ ملازمین اخباری تشہیر کے عین مطابق میرٹ پر بھرتی کئے گئے ہیں;

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ عرصہ کے دوران کل کتنے درجہ چہارم ڈرائیور یا دیگر درجوں کے ملازمین بھرتی کئے گئے ہیں، تمام بھرتی شدہ افراد کے نام، شناختی کارڈز،

تعلیمی ودیگر کار اسناد، بھرتی آرڈر، اخباری اشتہارات، تحریری ٹیسٹ و سلیکشن کے ممبران کی تفصیل فراہم کریں، نیز حال و مستقبل یعنی سال 2022-2021ء میں مزید کتنے افراد کس بنیادی سکیل و کیڈر میں کب بھرتی کئے جائیں گے؟

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے کہ مندرجہ بالا درجوں پر بھرتی شدہ ملازمین کی بھرتی اخباری تشہیر ایمپلائمنٹ ایکسچینج کے عین مطابق میرٹ پر کی گئی ہے۔

(ج) سال 2021ء میں محکمہ آبپاشی ضلع شانگلہ میں مندرجہ ذیل آسامیوں پر تعیناتیاں ہوئی ہیں:

نمبر شمار	نام	ولدیت	عہدہ	تعلیمی قابلیت	شناختی کارڈ نمبر	سکونت
1	میر زمان	قیصر	ڈرائیور BPS.06	بی ایس سی	15502-1498950-7	بشام شانگلہ
2	فرزند علی	عبدالرزاق	چوکیدار BPS.06	میٹرک	15502-5696447-3	شانگلہ
3	صادی رحمان	محمد یوسف	نائب قاصد BPS 06	ناخواندہ	15501-2255698-3	شانگلہ

نیز ایک عدد آسامی برائے سویپر (BPS-03) خالی ہے جس پر اہل فرد کو عنقریب بھرتی کیا جائے گا۔

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: چھٹی کی کچھ درخواستیں آئی ہیں: جناب امجد علی صاحب، منسٹر، 15 مارچ، نوابزادہ صلاح الدین صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ، حاجی قلندر لودھی صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ، محترمہ مومنہ باسط صاحبہ، ایم پی اے، 15 مارچ، محترمہ ماریہ فاطمہ صاحبہ، ایم پی اے، 15 مارچ، جناب اکبر ایوب صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ، جناب سردار حسین بابک صاحب ایم پی اے، 15 مارچ، جناب محمود احمد بٹنی صاحب ایم پی اے، 15 مارچ، جناب شفیق شیر آفریدی صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ، جناب محمد دیدار خان صاحب، ایم پی اے، 15 تا 18 مارچ، جناب فضل حکیم صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ، جناب مصور خان صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ، سید فخر جہان صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ، جناب فہیم احمد خان صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ، جناب لائق محمد خان صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ، جناب آصف خان صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ،

جناب زبیر خان صاحب، ایم پی اے، 15 مارچ، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب ،ایم پی اے، 15 مارچ،
جناب عبدالغفار صاحب ایم پی اے، 15 مارچ۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted.

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

میرے خیال سے سب سوئے ہیں۔

Mr. Deputy Speaker: Item No. 5. 'Privilege Motion': Mr. Taj Muhammad Tarand, Special Assistant to honorable Chief Minister, to please move his privilege motion No. 177.

جناب تاج محمد (معاون خصوصی، مال و املاک): جناب سپیکر، دا ډیفر کړئ جی، زه ریکویسټ کوم دا ډیفر کړه جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس کو ڈیفر کرتے ہیں، ڈیفر کرتے ہیں، پریولج موشن نمبر پانچ کو ڈیفر کیا جاتا ہے۔

تحریک التواء

Mr. Deputy Speaker: Item No. 6. 'Adjournment Motions': Ms. Nighat Yasmeen Orakzai, MPA, to please move her adjournment motion No. 407.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: بہت شکریہ، جناب سپیکر صاحب، میں وزیر برائے محکمہ لائیوسٹاک کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ جانوروں میں Lumpy skin disease کی بیماری نے وباء کی شکل اختیار کر لی ہے جو کہ تیزی سے پھیل رہی ہے اور دیگر صوبوں میں بھی اس بیماری کے پھیلنے کا خدشہ ہے۔ حکومت صوبے میں مذکورہ بیماری کی روک تھام کے لئے ضروری اقدامات کرے۔

جناب سپیکر صاحب، اس میں یہ ایسی Disease ہے کہ اس کی Vaccination نہیں ہے، اگر میں آپ کو ویڈیو دکھاؤں تو یہ کراچی میں جانوروں میں لگتی ہے، یہ مچھر کے کاٹنے سے دوسرے جانور کو لگتی ہے اور پھر اس سے جب مچھر اٹھتا ہے تو دوسرے جانور کو، ہمارا صوبہ بہت۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، یہ ایڈجرنمنٹ موشن ہے، آپ ایڈجرنمنٹ موشن پیش کریں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ایڈجرمنٹ موشن ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہاں، کال اٹنشن نہیں ہے، آپ کا ایڈجرنمنٹ موشن ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Sorry، اچھا جی۔ اسمبلی کی معمول کی کارروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بات کرنے کی اجازت دے دی جائے، وہ یہ کہ روزنامہ "ڈان" پشاور مورخہ 13 جنوری 2022ء کے

شمارے کے مطابق پشاور کے بعض مقامات پر فضائی آلودگی مقررہ مقدار 2.5 سے تجاوز کر گئی ہے جو کہ انسانی صحت کے لئے انتہائی مضر ثابت ہو رہی ہے، اخباری تراشہ منسلک ہے، لہذا اسمبلی کے قاعدہ 69 کے تحت اس پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the adjournment motion, moved by the honorable Member, may be adopted for detailed discussion in the House under rule.73 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it.

توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Deputy Speaker: Item No.7 'Call Attention Notices': Ms. Humaira Khatoon, MPA, to please move her call attention notice No. 2334.

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ عالمی وباء Covid 19 کے دوران خوف کے ماحول میں حکومت نے گھر گھر جا کر کورونا ٹیسٹ کے لئے مریضوں سے نمونے حاصل کرنے کے لئے صوبے کے اٹھائیس اضلاع میں ڈاکٹروں اور ٹیکنیشنز پر مشتمل دو سو اسی (280) Repaid Response ٹیمیں تشکیل دی تھی، کورونا کے وبائی مرض کے دوران خوف کے ماحول میں اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر ٹیسٹ کے لئے نمونے حاصل کرنے والی ان ٹیموں میں شامل طبی عملے کو گیارہ مہینوں سے ادائیگیاں نہیں ہو رہی ہیں جس کی وجہ سے یہ ملازمین گزشتہ ایک ہفتے سے احتجاج پر ہیں اور اس کے نتیجے میں کورونا کی تشخیص کا عمل بھی رکا ہوا ہے۔

جناب سپیکر، بڑا اہم ایشو ہے، اگر اس کو ذرا سنجیدگی سے لیا جائے۔ شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, to respond, please. Mr. Kamran Bangash Sahib.

جناب کامران خان بنگش (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): سر، تیمور جھگڑا صاحب آپ کے آفس میں کوئی Foreign delegation کے ساتھ ہیں، اگر اس کو تھوڑی دیر کے لئے پینڈنگ رکھا جائے تو وہ آ جائیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ان کو دوبارہ Call کریں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: سر، وہ بندہ بھیج دیا ہے، وہ ابھی تھوڑی دیر میں آ جائیں گے۔

Mr. Deputy Speaker: Ms. Nighat Yasmeen Orakzai, MPA, to please move her call attention notice No. 2339, in the House.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Thank you, janab Speaker, again and again. میں وزیر برائے محکمہ لائیوسٹاک کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ جانوروں میں Lumpy skin disease کی بیماری نے وباء کی شکل اختیار کی ہے جو کہ تیزی سے پھیل رہی ہے اور دیگر صوبوں میں بھی اس بیماری کے پھیلنے کا خدشہ ہے، حکومت صوبے میں مذکورہ بیماری کی روک تھام کے لئے ضروری اقدامات اٹھائے تاکہ یہ بیماری کم از کم خیبر پختونخوا میں نہ پہنچ سکے۔

میں یہاں پہ جناب سپیکر صاحب، محکمہ لائیوسٹاک کے ڈی جی کو شاباش دیتی ہوں کہ ان کے نالج میں جب یہ بات لے کر آئی، جب میں نے ان کو تصویریں بھجوائیں، میں نے ان کو کہا کہ یہ ناکوں پر آپ چیک کریں تو ڈی جی لائیوسٹاک نے اس پر ایک بہترین قدم اٹھایا، یہ بیماری ابھی تک ہمارے اس صوبے میں نہیں آئی لیکن میں آپ کے توسط سے سی ایم صاحب سے یہ بھی درخواست کروں گی کہ اس محکمے کو لائیوسٹاک کو Financially اتنا مضبوط کریں کیونکہ یہ بیماری جو پھیل رہی ہے، اس کی کوئی ویکسین بھی نہیں ہے، کراچی میں یہ ہزاروں کی تعداد میں ہے، اگر آپ کو میں ویڈیو دکھاؤں تو مچھر ایک جانور کو کاٹتا ہے، جب دوسرے جانور پر بیٹھتا ہے، اس کو بھی وہی Disease لگ جاتی ہے، اس کی Vaccination بالکل کسی جگہ پر بھی نہیں ہے، یہ جو ہمارا لائیوسٹاک کا محکمہ ہے، انہوں نے اس بیماری کو ابھی روکا ہوا ہے لیکن میں آپ کے توسط سے یہ درخواست کروں گی کہ ان کو Financially طور پر اور بھی مضبوط کیا جائے تاکہ یہ اس بیماری کو، کیونکہ ہمارے دہکان جن کے گھر میں ایک گائے ہے یا ایک بھینس ہے، وہ اسی سے اپنا گزارہ چلا رہے ہیں، اگر یہ بیماری یہاں پر پھیل گئی، میرے مزدور دہکان، میرے کسان، میرے وہ لوگ جو کہ صرف اپنی ایک بھینس اور ایک گائے پر گزارہ کرتے ہیں، وہ بے روزگار ہو جائیں گے، ان کے گھر میں کھانے پینے کے لئے کچھ نہیں بچ پائے گا، پہلے ہی سے معاشی حالات اتنے خراب ہیں، میں سمجھتی ہوں کہ یہ ایک بہت اہم مسئلہ ہے، اس پر گورنمنٹ کو سر جوڑ کر بیٹھ جانا چاہیئے اور لائیوسٹاک کو Financially طور پر اور بھی مضبوط کریں تاکہ وہ اس کی روک تھام کر سکے۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کامران خان بنگش صاحب، Respond کریں۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: تھینک یو جناب سپیکر، ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جو Response آ چکا ہے، یقینی طور پر جیسے میڈم نے کہا کہ محکمہ لائیو سٹاک ہمارے بہت Capable، ماشاءاللہ محب اللہ خان صاحب بہت اچھے طریقے سے Lead کر رہے ہیں، ان کی پوری ٹیم، یہ Lumpy skin disease کی جو باتیں کر رہے ہیں یہ Skin کی Disease ہے جو گلٹیوں کی شکل میں جانوروں پر نمودار ہوتی ہے لیکن خیبر پختونخوا میں ابھی تک اس کی کوئی ایک بھی جانور پر یہ رپورٹ نہیں ہوئی لیکن As a preventive measures پر چھبیس چیک پوسٹوں کا قیام کیا گیا ہے، سندھ اور پنجاب کے Bordering areas کے ساتھ، تاکہ یہ نہ ہو سکے۔ اس کے علاوہ Prevention کے طور پر ایک پراونشل ٹاسک فورس کا قیام بھی ہوا ہے، ڈیپارٹمنٹ میں ضلعی سطح پر Lumpy Skin Disease Cell کا قیام بھی عمل میں لایا جا چکا ہے۔ یہ جو مچھروں سے یہ پھیلتی ہے، اس کا خاتمہ بھی صوبے سے کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ آج ہی مجھے ڈیپارٹمنٹ نے کہا ہے کہ انہوں نے 560 ملین یعنی 56 کروڑ روپے کی سمری وزیر اعلیٰ صاحب کو بھیج دی ہے، انہوں نے Agree کیا ہوا ہے، اس کو ایڈوانس میں ہم ریلیز کریں گے، ڈیپارٹمنٹ نے Already بڑی Efforts کی ہوئی ہیں، میں ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے Identify کیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ کال اٹنشن نوٹس نمبر 2334 کا جواب، تیمور جھگڑا صاحب آ گئے ہیں، تیمور جھگڑا صاحب، آپ Respond کریں۔

جناب تیمور سلیم خان (وزیر صحت): جناب سپیکر، Sorry ایک Foreign delegation آیا تھا، I assume یہ وہ کال اٹنشن ہے جو Rapid Response teams کے بارے میں ہے۔ واقعی یہ ایک ایشو تھا، Rapid Response Teams جو ہماری Covid testing کرتی تھیں، ان کی کچھ Payments over due تھیں، اس پر میں اسمبلی کو کچھ Facts دینا چاہتا ہوں کہ یہ کیوں Over due تھیں؟ اس کی Background کیا ہے؟ ایک تو یہ میرے خیال میں Appreciate کرنا چاہیئے کہ یہ واحد صوبہ تھا جس نے ٹیسٹنگ کے لئے ہمارے جو ڈاکٹر حضرات ہیں، ان کو یہ Special dispensation دی جو کہ Rapid Response Teams میں تھے، وہ جا کر جب ٹیسٹ کرتے تھے، تو ان کو Per test ایک Payment ہوتی تھی، یہ Obviously ہمیشہ کے لئے نہیں، یہ اس ٹائم کے لئے تھی جس ٹائم کے لئے یہ ایک نئی Activity تھی۔ اس کے علاوہ اس ٹائپ کی بہت سی

Activities ہوتی ہیں جو کہ ہمارے ہیلتھ سٹاف کو کرنا پڑتی ہیں، تقریباً فروری مارچ 2021ء تک اس مد میں ڈاکٹرز کو 492 ملین یعنی 49.2 کروڑ کی Payment ہو چکی ہے، مئی 2020ء سے فروری 2021ء تک اور پھر فروری 2021ء کے بعد ابھی تک ایک Claim بنا ہوا ہے 492 ملین کا، اب یہ کافی ٹائم سے یہ ایشو کچھ ڈاکٹرز کا Resolve نہیں ہوا، اس کی بھی میں آپ کو Background بتاتا ہوں۔ جو پینڈنگ 492 ملین ہیں، ان میں 180 ملین کی تقریباً Payment already ہو چکی ہے، جو اس میں چیلنج تھا وہ یہ تھا کہ کچھ Claims اور ان کی Authentication، اس میں ایشو تھا، اس کی Visibility نہیں تھی، اس میں ایسے لگ رہا تھا کہ کچھ لوگوں نے شاید وہ Claims یا صحیح طریقے سے نہیں بنائے یا ان کے پیچھے جو Documentation ہونی چاہیئے تھی وہ نہیں ہے، یہ ان شاء اللہ ہم کوشش کریں گے کہ اس پر ڈاکٹرز کچھ سٹرائیک پر گئے تھے، ان کے ساتھ Engagement کے بعد انہوں نے دوبارہ سے اپنا کام شروع کر دیا ہے، جن لوگوں نے اپنا کام کیا ہے، جانبداری سے کیا ہے، جس میں بشمول یہ زیادہ تر جو Claims ہیں وہ ہوں گے، ان کو ان شاء اللہ ان کی Payment ملے گی، ہم کوشش کریں گے، آج سیکرٹری ہیلتھ سے بات ہوئی کہ Within two months ہم یہ جو Backlog ہے، یہ District by district clear کر دیں لیکن اس میں جو ایک ایشو ہے جس پر ہم Compromise نہیں کر سکتے، اس پر آڈٹ پیرے ہیں، یہاں پر ممبرز Rightly وہ اٹھاتے ہیں، دیکھیں جب اس ٹائپ کی اماؤنٹ پر Audit paras اٹھتے ہیں یا Investigations ہوتی ہیں، یہ ضروری ہے کہ ڈیپارٹمنٹ اپنی Efforts hundred percent کرے کہ جو Disbursement ہو وہ بالکل Clean ہو، Clear ہو، اگر کوئی اس سسٹم کو Abuse کرنے کی کوشش کرے، اس کے خلاف ایکشن لیا جائے، تو وہ دو مہینے اس لئے چاہیئے کہ جو Pending claims ہیں، ان کی Verification کریں، جن ڈاکٹرز نے کام کیا ہے ان کو ان کا حق دیں، اگر کہیں پر ڈاکٹرز کے Behalf پر یا جو ہمارا ڈی ایچ او یا ان کا سٹاف ہے، جو بے ضابطگی ہو، ان کے خلاف ایکشن لیں، یہ ان شاء اللہ ہو گا، ہم وہ Claims resolve کریں گے اور وہ Payment ان ڈاکٹرز کو مل جائے گی، جہاں پر اگر کوئی Irregular claims ہوں تو ان شاء اللہ اس پر ایکشن بھی لیا جائے گا۔ بہت بہت شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی حمیرا خاتون صاحبہ۔

محترمہ حمیرا خاتون: جناب سپیکر صاحب، میں گورنمنٹ کے اس کام کو نہایت سراہتی ہوں، میرے خیال میں حکومت پاکستان نے جس طرح کورونا کیسز کو Deal کیا، اسی وجہ سے ہم پوری دنیا میں ذرا زیادہ محفوظ رہے لیکن جن لوگوں نے ڈیوٹیاں دیں، جیسے منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ کچھ لوگوں کے Dues باقی ہیں، ان کو جلد از جلد دے دیا جائے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ شارجہ کے مہمانوں کو میں اپنی طرف سے اور معزز ممبران اسمبلی کی جانب سے خیبر پختونخوا اسمبلی میں تشریف لانے پر خوش آمدید کہتا ہوں۔ اھلاً و سھلاً مرحبا۔

(تالیاں)

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا نوادرات مجریہ 2022ء کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 8. Minister for Law and Parliamentary Affairs, on behalf of the honorable Chief Minister, to please introduce before the House that the Khyber Pakhtunkhwa, Antiquities (Amendment) Bill, 2022.

Mr. Kamran Khan Bangash(Minister for Higher Education): Thank you, Mr. Speaker, I, on behalf of Chief Minister, introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Antiquities (Amendment) Bill, 2022, in the House.

Mr. Deputy Speaker: It stands introduced.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا صوبائی محتسب مجریہ 2022ء کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 9: Minister for Law and Parliamentary Affairs, to please introduce before the House that the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2022.

Mr. Fazal Shakoor (Minister for Law): I intend to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Provincial Ombudsman (Amendment) Bill, 2022, in the House.

Mr. Deputy Speaker: It stands introduced.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، یہ Foreign delegation آیا ہوا ہے، ان کو خوش آمدید کہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، آپ باتیں کر رہی تھیں، ہاؤس نے ان کے لئے ڈیسک بھی بجائے ہیں۔ جناب میر کلام صاحب۔

رسمی کارروائی

جناب میر کلام خان: تھینک یو جناب سپیکر، میں آپ کا انتہائی مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ سب سے پہلے آج ہمارے خیبر پختونخوا کی اسمبلی میں جو باہر سے ہمارے مہمان آئے ہیں ان کو Welcome کہتے ہیں، میں بالکل دو تین منٹ میں بات کرنا چاہتا ہوں۔ دو دن پہلے Merged districts کے حوالے سے ایک Notification آیا ہے کہ وہاں پر ہمارے ڈی پی او کے جو اختیارات ہیں وہ ڈی سی کے حوالے کر رہے ہیں، اس حوالے سے میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہم اس صوبے میں ضم ہونے کے بعد یہ تقریباً تیسرا سال مکمل ہوا ہے، اس میں ہماری توقع یہ تھی، ہماری امید یہ تھی، لوگوں کی خواہش یہ تھی کہ خیبر پختونخوا کے ساتھ ہمارا انضمام ہو، یہ وہاں پر ان لوگوں کو وہ سہولیات دیں گے جو یہاں صوبے کے دوسرے لوگوں کو میسر ہیں لیکن بد قسمتی سے Merged districts میں ہر روز نئے نئے تجربات ہو رہے ہیں، کسی بھی منسٹری نے کوئی کام نہیں کیا جو خیبر پختونخوا کے باقی اضلاع میں کر رہے ہیں، ہر ڈیپارٹمنٹ آکر Merged districts میں اپنی مرضی، اپنی خواہش کے مطابق، اپنی سوچ کے مطابق وہ ایک فیصلہ کر کے ہمارے اوپر Impose کر رہا ہے۔ میری ریکویسٹ یہ ہے کہ ہمارے ساتھ جو وعدے کئے تھے، ہمارے ساتھ جو Three percent NFC کا وعدہ کیا گیا تھا، ہمارے ساتھ سالانہ سو (100) ارب روپے کا جو وعدہ کیا گیا تھا، ہمارے ساتھ جو Tax free zone کا وعدہ کیا گیا تھا، ہمارے ساتھ وہاں پر جو جو ڈیلیشری جائے گی، وہاں پر بہت سارے ایسے کام ہوں گے جو قبائلی لوگوں کی زندگی کو آسان بنادیں گے لیکن بد قسمتی سے آج کے دن تک Merged districts کو ہماری حکومت نے، ہماری بیوروکریسی نے، ہمارے منسٹر صاحبان نے، ساروں نے Merged districts کو اپنی کرپشن اور پیسے کمانے کے لئے ایک جگہ بنائی ہوئی ہے، باقی وہاں کے لوگوں کو ریلیف دینا، Merged districts کے لوگوں کے مسائل کو حل کرنا، وہاں کے امن وامان کو برقرار رکھنا، وہاں کی ایجوکیشن، وہاں کی ہیلتھ، آپ نے ساری دنیا میں یہ نہیں دیکھا ہوگا کہ حکومت نے وہاں پر ایجوکیشن کے ادارے بنائے ہیں، وہاں پر Health Institutes بنائے ہیں، اب بھی ہمارے معزز منسٹر صاحبان اس پر لگے ہیں کہ اس کے درمیان فاصلہ کم ہے، یہ صحیح جگہ پر نہیں بنے، اس کو ہم ختم کر رہے ہیں، پورے ملک میں یہ بات نہیں ہوئی ہے، میں نے تو نہیں بنائے، آپ نے تو نہیں بنائے، یہ حکومت پاکستان یا ریاست پاکستان نے بنائے ہیں، غلطی میری ہے یا ان کی ہے؟ جو ڈی پی اوز کے اختیارات ڈی سی کے حوالے کر رہے ہیں، ہمیں کوئی اعتراض

نہیں ہے، اختیارات جس کے پاس ہوں، ڈی پی او کے پاس ہوں یا ڈی سی کے پاس ہوں لیکن میں صرف یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ آیا روزانہ کی بنیاد پر Internationally دنیا میں جہاں بھی نیا اسلحہ بنتا ہے، جہاں بھی نئی چیز بنتی ہے، ہمارے علاقے پر وہ تجربے کر رہے ہیں، ہماری صوبائی حکومت بدقسمتی سے جو بھی نیا کام کرتی ہے تو خیبر پختونخوا کے Merged districts میں یہ نئے نئے تجربات روزانہ کر رہی ہے، خدا کے واسطے سنجیدگی سے قبائلی علاقے کے لوگوں کی ان باتوں کو سمجھیں، ان کی مشکلات کو دیکھیں، اس حوالے سے قانون سازی کریں اور وہ ریلیف بھی دے دیں۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میر کلام صاحب، آپ اس پر Proper call attention یا کچھ لے آئیں تو وہ آپ کو گورنمنٹ Respond کرے گی۔ جی کامران صاحب۔

<u>جناب کامران خان بنگش (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> Thank you so much. میر کلام صاحب کا بھی شکریہ۔ سر، یہ Matter جب کیبنٹ میں آیا تو اس کے اوپر بہت سیر حاصل گفتگو ہوئی، شوکت یوسفزئی صاحب نے اس کے اوپر بحث کی، کیبنٹ ممبرز نے کی اور جیسے وہ کہہ رہے ہیں یہ ان کی جائز تشویش ہے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی Experiment ہو رہا ہو لیکن میں Floor of the House assure کراتا ہوں کہ کوئی ایسی بات نہیں ہے، Justice of Peace Committee کا کام یہ ہے کہ Justice of Peace کو Lead کریں گے ڈپٹی کمشنر، ہم ایک Transition period سے گزر رہے ہیں، وہاں پر پولیس جارہی ہے، وہاں پر اور Line Department جارہے ہیں، اس میں ایک Transition period کے طور پر ڈپٹی کمشنرز جو کہ اے ڈی آر کمیٹی، ان کو علم ہے، ہم اے ڈی آر کی بہت ایک Rigorous legislation بھی لے کر آئے ہیں، اس کو بھی ڈپٹی کمشنر ہیڈ کرتا ہے، جرگے کا وہاں پر ایک پورا نظام ہے، اگر کوئی Aggrieved party ہے، ان کے پولیس کے حوالے سے یا ایف آئی آر کے حوالے سے کوئی Concerns ہیں تو ڈپٹی کمشنر کو Justice of Peace Committee کا صرف ہیڈ بنادیا گیا ہے تاکہ وہ لوگوں کے Grievances سن سکیں، گورنمنٹ کی ایسی کوئی Intent نہیں ہے کہ ہم ادھر کوئی Experiment کریں، صرف Transition period سے ہم گزر رہے ہیں، ان کے Grievances genuine ہیں، کیبنٹ میں اس کے اوپر Two points of view تھے، میجارٹی نے پھر اس کے حق میں فیصلہ کیا لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ ہم پولیس کے خدانخواستہ اختیارات کم کر رہے ہیں یا کسی کو Aggrieve کرنا چاہتے ہیں، بلکہ جو Aggrieved parties ہیں ان

کے لئے صرف یہ لے کر آئے ہیں، اگر ان کی ایف آئی آر یا ان کو Justice نہیں ملتا تو Accordingly ان کو Assist کیا جائے گا۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. The sitting is adjourned till 10:00 am, Friday, 18th March, 2022.

(اجلاس بروز جمعتہ المبارک مورخہ 18 مارچ 2022ء صبح دس بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)